کویڈ-19 ویکسینز

حفاظتی ٹیکے کویڈ-19 کے وبائی مرض سے لڑنے کا ایک ذریعہ ہیں



اس وبائی بیماری کی روک تھام کے لئے ہمیں تمام تر حفاظتی تدابیر استعمال کرنے کی ضرورت ہے- آپ کی صحت کی حفاظت اور بیماری سے بچاؤ کے لئے سب سے موثر ذریعہ ویکسین ہے- ویکسین آپ کے جسم کے قدرتی دفاع کے ساتھ کام کرتی ہے اس سے آپ کا جسم بیماری سے لڑنے کے لئے تیار ہو جائے گا۔ دوسرے اقدامات جیسےکہ ماسک پہننا جوکہ آپ کی ناک اور منہ کو ڈھانپ لے, دوسرے لوگوں سے 6 فٹ کا فاصلہ رکھنا یہ سب اقدامات بھی کویڈ-19 کے پھیلاؤ سے بچنے میں مددگار ہوں گے۔

مطالعات سے پتہ چلا ہے کہ کویڈ-19 کی ویکسین آپ کو کویڈ-19 سے دور رکھنے میں کافی کارآمد ہے - ماہرین کا یہ بھی کہنا ہےکہ ویکسین لگانے سے آپ شدید بیمار ہونے سے بچ سکتے ہیں یہاں تک کہ آپ کویڈ -19 ہو بھی جائے۔ یہ ویکسین آپ کوخود کوئی بیماری نہیں دے سکتی۔

مختلف اقسام کی کویڈ-19ویکسینزدستیاب ہونگی ان میں زیادہ تر ویکسینز دوٹیکوں کی صورت میں دی جاتی ہیں ایک وقت میں ویکسین کا ایک حصہ دیا جاتا ہے اور دوسرا حصہ کچھ ہفتوں کے بعد دیا جاتا ہے۔

پہلا ٹیکہ آپ کے جسم کو تیار کرتا ہے دوسرا ٹیکہ کم سے کم تین ہفتوں بعد لگایا جاتا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کومکمل تحفظ حاصل ہے۔ اگرآپ کو یہ بتایا جائے آپ کودو ٹیکوں کی ضرورت ہے تو آپ دونوں ٹیکوں کو یقینی طور پر لگوائیں۔ویکسین تھوڑے مختلف طریقوں سے کام کر سکتی ہے لیکن تمام قسم کی ویکسینز آپ کی حفاظت میں مددگار ثابت ہونگی۔

ویکسینز محفوظ ہیں۔ امریکی ویکسین سیفٹی سسٹم نے اس بات کو یقینی بنایا اور کوشش کی کہ تمام ویکسینز زیادہ سے زیادہ محفوظ رہیں۔

تمام کویڈ -19 ویکسینز جو استعمال ہو رہی ہیں وہ اسی طریقے کےحفاظتی ٹیسٹ اوراسی معیار کے مطابق ہیں جن پر سالوں سے دوسری ویکسین تیار کی گئی ہیں پورے ملک میں ایک ایسا نظام ہے جو سی ڈی سی کو حفاظتی امور پر نگاہ رکھنے کی اجازت دیتا ہے اور یہ یقینی بناتا ہے کہ ویکسین محفوظ رہیں۔

The National Resource Center for Refugees, Immigrants, and Migrants (NRC- RIM) is funded by the U.S. Centers for Disease Control and Prevention to support state and local health departments working with RIM communities. Learn more at nrcrim.umn.edu. Last update: 02/18/2021.

جب آپ کو ویکسین مل جاتی ہے تو آپ اور آپ کی صحت کے دیکھ بھال کرنے والے کارکن دونوں کو ماسک پہننے کی ضرورت ہوگی۔

سی - ڈی- سی نے تجویز پیش کی ہے کہ وبائی مرض کے دوران جب لوگ اپنےگھروں سے باہر دوسروں سے ملیں، جب صحت کی دیکھ بھال کی جگہوں پر ہوں نیز جب وہ کویڈ-19سمیت کوئی دوسری ویکسین لیں تواپنی ناک اور منہ کو ڈھانپنے والا ماسک پہنیں۔

-

ویکسین کچھ لوگوں میں مضر اثرات پیدا کر سکتی ہے جیسے پٹھوں کا درد، تھکاوٹ محسوس کرنا، یا ہلکا بخار،ان ردعمل کا مطلب یہ ہے کہ یہ ویکسین آپ کے جسم کو یہ سکھانے میں مدد دے رہی ہے کہ اگر آپ کو کویڈ-19 ہو جائے تو اس کا مقابلہ کیسے کریں - زیادہ تر لوگوں میں یہ مضر اثرات ایک یا دو دن سے زیادہ نہیں رہتے اس طرح کے مضراثرات ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کوکویڈ-19 ہو گیا ہے۔ اگر آپ کے پاس اپنی صحت سے متعلقہ سوالات ہیں تو اپنے ڈاکٹر، نرس یا کلینک سے رابطہ کریں۔ کسی بھی دوائی کی طرح اس کے شدید ردعمل کے امکانات بھی موجود ہیں لیکن یہ امکانات کافی کم ہیں - جیسا کہ سانس لینے کے قابل نہ رہنا،ایسا عام طور پر نہیں ہوتا لیکن اگر آپ کو ایسی صورتحال پیش آئے تو فورا 911 پر کال کریں یا اپنی قریبی ایمرجنسی میں تشریف لے جائیں۔



یہاں تک کہ ویکسین ملنے کے بعد بھی آپ کو ماسک پہننے کی ضرورت ہوگی جس میں اپنی ناک اور منہ کو ڈھانپنا، اور کثرت سے اپنے ہاتھ دھوتے رہنا اور کم از کم 6 فٹ دور رہنا ان لوگوں سے جو آپ کے ساتھ نہیں رہتے، اس سے آپ کو اور دوسروں کو وائرس پکڑنے سے بہترین تحفظ ملتا ہے۔ طبی ماہرین نہیں جانتے کہ ویکسین کب تک آپ کی حفاظت کرے گی لہذا یہ بہتر خیال ہے کہ آپ سی‌ڈی‌سی اور محکمہ صحت کے اصولوں پر عمل کرتے رہیں۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ہر کسی کو فوری طور پر ویکسین نہیں لگ سکے گی، اس لئےابھی بھی اپنی اور دوسروں کی حفاظت کرنا ضروری ہے۔

This translation is supported by the Centers for Disease Control and Prevention (CDC) of the U.S. Department of Health and Human Services (HHS) as part of a financial assistance award totaling $500,000, with 100 percent funded by CDC/HHS through an award to the National Resource Center for Refugees, Immigrants and Migrants. The underlying original content was developed by the CDC, but the translation is that of the author(s) and does not necessarily represent the official views of, nor an endorsement, by the CDC/HHS, or the U.S. Government.